हकीकत

حقیقت

اداکار
بلراج ساہنی
دھرمیندر
پریا

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

حقیقت فلم کے

گانا نمبر ۱

مستی میں چھیڑ کے ترانہ کوئی دل کا
آج لٹائے گا خزانہ کوئی دل کا

پیار بہلتا نہیں بہلانے سے
لو میں چمن کو چلا ویرانے سے
شمع ہے کب سے جدا پروانے سے
اشک تھمیں گے نظر مل جانے سے
دل سے ملے گا دیوانہ کوئی دل کا

مل کے وہ پہلے شرمائے گی
آگے بڑھے گی مگر رک جائے گی

گانا نمبر ۲ - ہو کے قریب کبھی گھبرائے گی
اور قریب کبھی کھنچ آئے گی
کھیل نہیں ہے منانا کوئی دل کا
بکھرے ہیں زلف ذرا سرکایئے گا
سلجھے گا پیار الجھ میں جاؤں گا
پاکے رہائی بہت پچھتاؤں گا
ایسا سکون کہاں پھر پاؤں گا
اور نہیں ٹھکانہ کوئی دل کا

گانا نمبر ۲:- ذرا سی آہٹ ہوتی ہے
تو دِل سوچتا ہے
کہیں یہ وہ تو نہیں ہے
چھُپ کے سینے میں کوئی جیسے صدا دیتا ہے
شام سے پہلے دِیا دِل کا جلا دیتا ہے
ہے اُسی کی یہ صدا ہے
اُسی کی یہ ادا ہے
شکل پھرتی ہے نگاہوں میں وہ پیاری سی
میری نس نس میں مچلنے لگی چنگاری سی
چھُو گئی جسم میرا
کِس کے دامن کی ہوا

گانا نمبر ۳:- کھیلو نہ میرے دِل سے او میرے ساجنا
مسکرا کے دیکھتے تو ہو مجھے
تم ہے کِس کے لیے نگاہ میں
منزل اپنی تم الگ لیا دو گے
مجھ کو چھوڑ دو گے راہ میں
پیار کیا دِل لگی
پیار کیا کھیل ہے
کیوں نظر ملائی تھی لگا دُ سے
مجھ کے دِل میرا لیا تھا کیوں
کیوں ملے مجھے زندگی کے موڑ میں

مجھکو آسرا دیا تھا کیوں

گانا مرد: ہو کے مجبور مجھے اُس نے بھلایا ہوگا
زہر چپکے سے دوا جان کے کھایا ہوگا
دل نے کچھ ایسے بھی
افسانے سنائے ہوں گے
اشک آنکھوں نے پیئے اور نہ بہائے ہوں گے
بند کمرے میں جو خط میرے جلائے ہوں گے
ایک ایک حرف جبیں پر
اُبھر آیا ہوگا
اُس نے گھبرا کے نظر لاکھ بچائی ہوگی
دل کی لٹتی ہوئی دنیا نظر آئی ہوگی
میز سے جب میری
تصویر ہٹائی ہوگی
ہر طرف مجھکو تڑپتا ہوا پایا ہوگا
چھیڑ کی بات پر ارمان مچل آئے ہوں گے
غم دکھاوے کی ہنسی میں
اُبل آئے ہوں گے
نام پر میرے جب آنسو نکل آئے ہوں گے
سر نہ کاندھے سے سہیلی کے اُٹھایا ہوگا
زلف ضد کر کے کسی نے
جو بنائی ہوگی

اور بھی غم کی گھٹا
مکھڑے پہ چھائی ہو گی
بجلی نظروں نے کئی دن نہ گرائی ہو گی
رنگ چہرے پہ کئی
روز نہ آیا ہو گا

گانا نمبر ۱۶ - کر چلے ہم فدا جان و تن ساتھیو
اب تمہارے حوالے وطن ساتھیو
سانس تھمتی گئی نبض جمتی گئی
پھر بڑھتے قدم کو نہ رکنے دیا
کٹ گئے سر ہمارے تو کچھ غم نہیں
سر ہمالیہ کا ہم نے نہ جھکنے دیا
مرتے مرتے رہا بانکپن ساتھیو
زندہ رہنے کے موسم بہت ہیں مگر
جان دینے کی رت روز آتی نہیں
حسن اور عشق دونوں کو رسوا کریں
وہ جوانی جو خون میں نہاتی نہیں
آج دھرتی بنی ہے دلہن ساتھیو
راہ قربانیوں کی نہ ویران ہو
تم سجاتے ہی رہنا نئے قافلے
فتح کا جشن اس جشن کے بعد ہے
زندگی موت سے مل رہی ہے گلے

باندھ لو اپنے سر سے کفن ساتھیو
کھینچ دو اپنے خون سے زمیں پر لکیر
اس طرف آنے پائے نہ راون کوئی
توڑ دو ہاتھ اگر ہاتھ اٹھنے لگیں
چھونے پائے نہ سیتا کا دامن کوئی
رام بھی تم تمہی لچھمن ساتھیو

گانا نمبر ۷:۔ آئی اب کے سال دیوالی منہ پر اپنے ملے
چاروں طرف ہے گھور اندھیرا. گھر میں کیسے دیپ جلے
بالک ترسیں پھلجھڑیوں کو. دیپوں کی دیواریں
ماں کی گودی سونی سونی آنگن کیسے سنواریں
راہ میں ان کی جاؤ اجالو. بن میں جن کی شام ڈھلے
جن کے دم سے جگمگ جگمگ کرتی تھی یہ راتیں
چوری چوری ہو جاتی تھیں من سے من کی باتیں
چھوڑ چلے وہ گھر میں اماوس
جیوتی لیکر ساتھ چلے
ٹپ ٹپ ٹپکے آنسو چھلکے خالی تھالی
جانے کیا کیا سمجھاتی ہے آنکھوں کی یہ لالی
شور مچا ہے آگ لگی ہے
کتنے ہیں پریت یہ گلے

ختم شد

پامسٹری عرف خط تقدیر

علم سامدرک یعنی ہاتھ کی ریکھائیں دیکھکر تقدیر کا پچھلا اگلا حال معلوم کیجئے۔ اس لاجواب کتاب میں ہاتھ کے مختلف فوٹو دیکر ایک ایک ریکھا کو اچھی طرح سمجھایا گیا ہے۔ جو ایک معمولی لکھا پڑھا انسان بھی بخوبی سمجھ سکتا ہے۔ اس علم کو سیکھکر آپ ہزاروں روپیہ پیدا کر سکتے ہیں۔

قیمت صرف -/۱/۲ محصولڈاک معاف

بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا

بغیر بجلی کے چلنے والا ریڈیو بہت کم لاگت سے گھر بیٹھے بنانا سیکھئے۔

قیمت صرف -/۱/۲ محصولڈاک معاف

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اس لئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔

قیمت صرف -/۱/۲ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

صنعت و حرفت کی کتابیں

الیکٹرک گائیڈ	4/-/-	وشوکرما درپن	6/-/-
ورکشاپ گائیڈ	4/-/-	الیکٹرک وائرنگ	4/-/-
موٹر گائیڈ	4/-/-	خراد شکشا	3/-/-
کروڈ آئیل	5/-/-	آئیل انجن گائیڈ	5/-/-
کپڑے رنگنے کا ہنر	2/-/-	ٹریکٹر گائیڈ	4/-/-
مکمل فوٹو گرافی	2/8/-	جنتری پیمائش چوب	1/4/-
روشنائی سازی	2/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-
خوبصورت بٹو	1/8/-	کاشتکاری باغبانی	4/-/-
تیل عطر سازی	2/-/-	مکمل مرغی خانہ ہر حصہ	4/-/-
گھڑی سازی	2/8/-	تمباکو کی دکان	2/-/-
ریڈیو گائیڈ	4/-/-	بوٹ پالش بنانا	2/8/-
صابون سازی	1/8/-	سینما مشین آپریٹر	4/-/-
شیشہ سازی	2/-/-	بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-
اچار مربے چٹنی	1/8/-	بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا	1/8/-
باورچی خانہ	2/8/-	آسان انگلش ٹیچر	2/-/-
مجربہ تمالنامہ	1/-/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/8/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

الیاس پریس دہلی